Model Paper

وقت :ڈھائی گھنٹے   مضمون: اردو(Urdu)   درجہ: ہفتم(7th)   کل نمبر:75

ا۔مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھئے۔ 9

صنعت میں آم کی گٹھلی کا استعمال کچھ کم اہمیت نہیں رکھتا، کیوں کہ آم کی گٹھلی سے تیل نکالا جاتا ہے۔آم کے تیل کا استعمال دواؤں اور صابن میں ہوتا ہے۔تیل نکالنے کے بعد گٹھلی کا فضلے کو کھاد کی شکل میں استعمال کرتے ہیں۔وہ مثل آپ نے سنی ہوگی آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔آم پیٹ اور آنکھ کی صفائی کرنے میں نہایت کا گر ہے۔صفرے کو دور کرتا ہے۔پیشاب لاتا ہے۔پکے ہوئے آم کی کتنی ہی خصوصیات سے آپ واقف ہیں،لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ کچے آم میں حیاتین کی مقدار پائی جاتی ہے۔

(i) آم کی گٹھلی سے تیار کیا گیا تیل کن چیزوں میں کام آتا ہے؟

(ii) آم کے کس حصے کو بطور کھاد استعمال کیا جاتا ہے؟ (iii) آم کن دو بیماریوں میں مفید ہے؟

(iv) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھو۔ (v) کچے آم میں کس مقدار پائی جاتی ہے؟

۲۔ صرف چھ الفاظ کے معنی لکھو۔ سقیم باز پرس کرنا لغزش خوشنودی 6

ہلدی لگے نہ پھٹکری، رنگ بھی چوکھا بحرِ بے کراں صبا ہم ذوق

۳۔ صرف چھ الفاظ کی جمع لکھو۔ 6

مسئلہ یتیم فرض امیر علم تاریخ شعر دعا

۴۔ مندرجہ ذیل جمع کی واحد لکھو۔ 6

فقراء اقوام مفاسد قبائل جنگلات فتوحات

۵۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چھ الفاظ کی ضد لکھو۔ 6

سخی اتفاق معمولی آغاز قوت موافقت ذہین حاضر

۶۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صرف چھ الفاظ کی مذکر اور مؤنث چھانٹ کر لکھو۔ 6

آواز رات کپڑا رنگ ندی موج سفر درخت

۷۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ان کے معنی واضح ہوجائیں۔5

زندگی کا چراغ گل ہونا۔تانتا بندھنا۔منہ تکنا۔دنگ رہ جانا۔ہوش اڑ جانا۔

۸۔ صرف چار سوالوں کے جواب لکھو۔ 8

(i) امام بخاری کا اصل نام کیا تھا؟ اور ان کو بخاری کیوں کہا گیا؟

(ii) بخاری شریف میں کتنی حدیثیں ہیں؟

(iii) باغ بانی کے کیا فائدے ہیں؟

(iv) دنیا کی عورتوں پر حضرت عائشہ کے کیا احسانات ہیں؟

(v) آم میں کون کون سے اہم کیمائی اجزا پائے جاتے ہیں؟

(vi) حضرت عائشہؓ کا رہن سہن کیسا تھا؟

۹۔ کلمہ کسے کہتے ہیں اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ مندرجہ ذیل میں سے کلموں کی قسمیں چھانٹ کر لکھو۔

کل زینب اپنے بھائی خالد کے ساتھ کار پر سوار ہوکر اپنی دادی سے ملنے لکھنؤ گئی۔ 5

۱۰۔ زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟ کم سے کم دو قسموں کی تعریف مع مثال لکھئے۔3

۱۱۔ مرکب اضافی کی تعریف کرتے ہوئے مندرجہ ذیل جملے میں سے مضاف اور مضاف الیہ الگ کیجئے۔4

یہ خالد کا گھر ہے،اس کے گھر کا دروازہ ہمیشہ غریبوں کی مدد کے لئے کھلا رہتا ہے۔

۱۲۔ اپنی یادداشت سے اپنی درسی کتاب کے کوئی چار اشعار لکھئے۔ 4

۱۳۔ اپنی درسی کتاب میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ چند سطروں میں تحریر کیجئے۔ 3

۱۴۔ ”نا“ لگا کر چار اور ”مند“ لگا کر چار الفاظ بنائیے۔ 4